۳۹
اردو میں
فقہ ہندی مسمیٰ بہ احکام
تحفہ مرشدہ محمد تقی بلخی فردوسی فتوحہ
کاتب
عبدالغفار سنہ ۱۲۶۸ھ
(فقہ میں اردو نثر کی پہلی تصنیف)
39

۳۹

فقہ ہندی
مسمی
بہ احکام
تصنیفہ
شاہ محمد تقی بلجرامی

کاتب عبدالغفار
۱۲۶۸ھ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمد بیقیاس واسطی خداوند برتر کے کہ اپنی قدرت کاملہ سی دونوں جہان

پیدا کیا تو سبہ کوی اوسکی یکتائی پر اقرار کریں اور معبود اپنا جانیں

اور درود بیحد اوپر افضل انبیا خاتم پیغامبران محمد رسول اللہ علیہ السلام کے

کہ حق تعالی نیں اونکو اوپر سبہ خلقوں کے برگزیدہ کیا اور واسطہ بتانی راہ راست

کی بہیجا صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ اجمعین بعد اوسکی کہتا ہے فقیر حقیر سراپا

تقصیر محمد نقی بلخی فردوسی کہ اگرچہ یہ قلیل البضاعت اتنا استعداد

نہیں رکھتا تھا لیکن بموجب فرمانے بعض شخصونکی جو اوپر فارسی کے

قدرت کم رکہتے تہی مسایلات چند کہ جاننا اوسکا ضرور بات دین ہمیں سی تہا

کتابیں

کتابیں معتبر سی چنکر کے زبان ہندی میں ترجمہ کیا گیا اور خوف درازی

کلام سے سند لانا اون کتابوں کا ترک ہوا اور وہ کتابیں یہہ ہیں شرح

فارسی عقاید نسفی تصنیف جدنا مولانا مظفر شمس بلخی کے اور رسالہ

شرح عقاید تصنیف صاحب انیس الواعظین کے شرح اوراد مفتاح الصلوٰۃ

صلواتہ الطیبی بالابد منہ فی الاسلام اور امر تصنیف [illegible] کامل علامہ

مولوی ظہور الحق دام برکاتہ کے کہ فی الحقیقت بیچ ایجاز کے گویا اعجاز ہے

اور اوراد دہ فصلے تصنیف جدنا حضرت مخدوم حسین معز شمس بلخی کے

کہ سبہہ دعائیں اور وردیں اوسکا احادیث صحیحہ سی سند ہی اور مفید

المقاصد ہیں پس اگر کسیکو بیچ اس ترجمہ کے کسے مقام میں شک واقع ہو تو

طرف اون کتابوں کے رجوع لاوے اور رفع شک اپنی کا کرے اور نام

اس کتاب کا احکام رکہا گیا اور یہہ ترجمہ تین کتاب ہے باب باب

اور فصل فصل یہانی بیچ عقاید کے اور یہہ دو باب ہے

پہلا بیچ بیان ایمان کے اور یہہ باب پانچ فصل ہے پہلی بیچ بیان

حقیقت ایمان کے فصل دوسری بیچ بیان لانے ساتھہ خدا کے فصل

تیسری بیچ ایمان لانے ساتھہ کتابین خدا کے اور پیغامبرین خدا کے فصل

چوتھی بیچ ایمان لانے ساتھہ فرشتہ کے فصل پانچوین بیچ بیان ایمان لانے

ساتھہ سوال منکر نکیر کے اور قیامت وغیرہ کے باب دوسرا بیچ کلمہ کفر کے

کتاب دوسرا بیچ مسایل فقہہ کے اور یہہ کتاب اٹھہ باب ھی باب

پہلا نماز کا اور یہہ باب چوبیس فصل ہے فصل پہلی بیان وضو کے فصل

دوسری بیچ فرایض وضو کے فصل تیسری بیچ سنت وضو کے فصل چوتھی

فصل [illegible] بیچ مستحبات وضو کے فصل پانچوین بیچ مکروہات وضو کے فصل چھٹین بیچ نواقض

وضو کے فصل ساتوین بیچ غسل کے فصل اٹھوین بیچ تیمم کے فصل نوین

بیچ مسح موزہ کے فصل دسوین بیچ پانی کے فصل اگاروین بیچ آداب

جای ضرور اور نجس آب کے فصل باروین بیچ بیان فرایض اور واجبات

اور سنتین نماز اور سجدہ سہو کے فصل تیرہین بیچ طریق پڑہنے نماز کے فصل

چودہین بیچ مفسدات نماز کے فصل پندرہین بیچ مکروہات نماز کے فصل

سولہین

سولہویں بیچ جماعت کے فصل سترہویں بیچ نماز جمعہ کے فصل اٹھارہویں بیچ

نماز عیدین کے فصل انیسویں بیچ نماز مریض کے فصل بیسویں بیچ نماز مسافر

کے فصل اکیسویں بیچ بیان پڑہنے اوس نماز کے کہ فوت ہوئی ہی فصل

بائیسویں بیچ ترک فریضہ کے فصل تیسویں بیچ بیان وتر اور سنت اور

نوافلات دوسری کے فصل چوبیسویں بیچ نماز تراویح کے باب

دوسرا بیچ ختم قران کے اور یہہ باب دو فصل ہے فصل پہلی بیچ تلاوت کی

فصل دوسری بیچ سجدہ تلاوت کے باب تیسرا جنازہ کا اور یہہ باب

تین فصل ہے فصل پہلی بیچ غسل اور کفن مردہ کے فصل دوسری بیچ شہید کے

فصل تیسری بیچ تعزیت کے باب چوتھا بیچ بیان روزہ کے اور یہہ باب

چار فصل ہے فصل پہلی بیچ بیان روزہ کے فصل دوسری بیچ مفسدات

اور مکروہات روزہ کے فصل تیسری بیچ روزہ نفل کے فصل چوتھی بیچ

اعتکاف کے باب پانچوان زکواۃ کا اور یہہ باب ایک فصل ہے فصل

بیچ صدقہ کے باب چھٹہان حج کا باب ساتوان نکاح کا اور یہہ باب

ہو اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نہیں فرمایا ہے کہ ہم نہیں پیغامبر صلی اللہ
علیہ وسلم سے سنا ہے کہ جسے سو برس کے نماز گذشتہ اوسکے کفارہ ہو اور
حضرت علی کرم اللہ وجہہ نہیں فرمایا ہے کہ جسے سو برس کے نماز گذشتہ اوسکی
کفارہ ہو یاروں نہیں پوچھا یا رسول اللہ عمر ہم سبھوں کی ستر اسی برس ہے
اپنا صفت کیونکر ہے فرمایا نماز مای اور باپ اوپر اقربا او بیٹا بیٹی کے
اوسکے کفارہ ہو تمت تمام شد کار من نظام شد

تمام ہوی کتاب ترجمہ ہدیے تالیف شاہ محمد تقی بلخی فردوسی
مدظلہ کے خط خام سے خاکسار رشید الغفار کے بیچ مہینے ربیع الاول
تاریخ ۱۴ ۱۲۶۸ ہجری کے وقت

ع ع

حنا عمل کیے ہاتھوں سے تو دریا میں بہاتے ہو
غضب کرتے ہو ہم سے آگ پانی میں لگاتے ہو